© rasailojaraid.com

تبصرے

عیون العرفان فی علوم القرآن : از پروفیسر قاضی مظہر الدین احمد بلگرامی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۳۲ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت 15/
پتہ: ایجوکیشنل ہاؤس، سول لائنز علی گڑھ۔

علوم قرآن پر عربی زبان میں کتابیں کثرت سے لکھی گئی ہیں جن میں سب سے زیادہ مشہور و متداول اور جامع کتاب علامہ جلال الدین السیوطی کی الاتقان فی علوم القرآن ہے لیکن اول تو ان کتابوں میں مباحث بہت مبسوط اور منتشر ہیں جن کو سمیٹنا ہر شخص کا کام نہیں ہے اور پھر جو حضرات عربی سے واقف نہیں ہیں وہ تو ان کتابوں سے استفادہ کر ہی نہیں سکتے"۔ اس بنا پر پروفیسر بلگرامی نے یہ خوب کیا کہ اس موضوع پر یہ کتاب اردو میں لکھدی، یوں تو علوم قرآن کا دائرہ نہایت وسیع ہے جن پر بڑی بڑی ضخیم مجلدات لکھی گئی ہیں لیکن اس کتاب میں بحث و گفتگو کو جمع و ترتیب قرآن، اسباب نزول اور محکم و متشابہ تک محدود رکھا گیا ہے اور درحقیقت قرآن مجید سے متعلق یہی وہ تین اہم مباحث ہیں جن کا علم قرآن کے ہر طالب علم کو ہونا چاہیے۔ اس سلسلہ میں موضوع بحث کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جسے تشنہ چھوڑ دیا گیا ہو، جو کچھ لکھا ہے قدیم و جدید لٹریچر کے وسیع اور عمیق مطالعہ اور غور و فکر کے بعد مع حوالوں کے صاف و سلیس اور شگفتہ زبان میں لکھا گیا ہے، گویا کہ فاضل مصنف نے ضخیم مجلدات کا عطر نکال کر رکھ دیا

© rasailojaraid.com